4409CH07

# 7 جگ اور مگ (Jugs and Mugs)


**بنّی اور بنّو اپنی شادی کی سالگرہ مناتے ہیں۔**

کیا آپ کو بنّی کے خاندان میں گزشتہ سال ہوئی شادی کے بارے میں یاد ہے؟ (علم ریاضی - جادو، درجہ سوئم کا صفحہ 153 دیکھیے )۔بنّی اور بنّو نے اپنی شادی کے ایک سال بعد ایک پارٹی دینے کا فیصلہ کیا ہے۔




انھوں نے اپنے خاندان اور دوستوں کی دعوت کی ہے۔ انھوں نے ایک خاص میٹھی چیز بنائی— کھیر۔

سبھی جانور آئے — دوڑتے ہوئے، چھلانگ لگاتے ہوئے، یہاں تک کہ رینگتے ہوئے بھی!




ہاتھی 50 لیٹر کھیر پی رہا ہے۔

ژراف ______ لیٹر پی رہا ہے۔

گائے ______ لیٹر پی رہی ہے۔

تب گلہری آئی۔ وہ بولی — میں 1 لیٹر کھیر نہیں پی سکتی، مجھے صرف 500 ملی لیٹر دو۔

گدھے نے پوچھا — 500 ملی لیٹر کھیر؟ کیا یہ 1 لیٹر سے زیادہ نہیں ہے؟

لومڑی بولی — ادھر آؤ، گدھے کی طرح بات نہ کرو! ایک لیٹر میں 1000 ملی لیٹر ہوتے ہیں۔ اس لیے 500 ملی لیٹر آدھا لیٹر ہوا۔

© NCERT not to be republished

مینڈک اپنے دوسرے 9 دوستوں کے ساتھ اچھلتا ہوا آیا۔ وہ بولا — اُف! ہم لوگوں میں سے ہر ایک صرف 100 ملی لیٹر چاہتا ہے۔



ٹھیک ہے، تمہاری کھیر یہاں ہے — بلّی بولی، کھیر پروستے ہوئے۔ اس نے 10 گلاس لیے اور ہر ایک گلاس میں 100 ملی لیٹر کھیر ڈالی۔





گدھا پریشان لگ رہا تھا، اس نے پوچھا — دس گلاس اور ہر ایک میں 100 ملی لیٹر۔ یہ کتنا ہُوا؟

لومڑی کو ایک موقع اور شان دکھانے کا ہاتھ آیا۔ وہ بولی اوہ۔ یہ بہت آسان ہے 100 ملی لیٹر کا 10 گنا ہے

__________ ملی لیٹر = __________ لیٹر۔

اب آپ اس کو لکھیے 10 × 100 ملی لیٹر = __________




دیکھو چیونٹیوں کا ایک گروپ یہاں آرہا ہے۔ — ٹِڈّا بولا۔

کھیر ختم ہوگئی۔ اب ہم کیا کریں؟ بلی نے غمگین ہوکر کہا۔



© NCERT not to be republished

گھبراؤ مت، وہ لوگ زیادہ نہیں پی سکتے۔ ان میں سے ہر ایک صرف ایک ملی لیٹر پیے گا۔ بس اتنا ہی۔ میں اپنی کھیر ان کے ساتھ بانٹوں گا۔ ہاتھی بولا اور بلّی کے آنسو اپنے کان سے پونچھ دیے۔

تم سب ملا کر کتنے ہو؟— ہاتھی نے پوچھا۔

ہم لوگ صرف ایک ہزار ہیں۔ چیونٹیاں بولیں۔

بلی بولی— ارے نہیں، ایک ہزار! ہمیں کھیر 1000 چیونٹیوں کو دینی پڑے گی!

کچھ سوچ کر ہاتھی بولا— کوئی مسئلہ نہیں۔ میں انتظام کر سکتا ہوں۔ ہر ایک چیونٹی 1 ملی لیٹر کھیر پیتی ہے۔

اس لیے 1000 چیونٹیاں پیتی ہیں: 1000 × 1 ملی لیٹر = ______ ملی لیٹر۔

واہ! انھیں اتنا ہی چاہیے جتنا دس مینڈکوں کو— گدھا بولا۔

سبھی چیونٹیوں نے کھیر پی لی۔ سبھی خوش تھے۔ شادی کی سالگرہ منانے کے لیے وہ سبھی ناچے اور گائے۔






© NCERT not to be republished

## کون 1 لیٹر کھیر پی سکتا ہے

کیا آپ کو کھیر پسند ہے؟ آپ اسے گھر پر کیا کہتے ہیں؟

آپ کتنی کھیر پی سکتے ہیں؟


کیا آپ ایک وقت میں ایک لیٹر پانی پی سکتے ہیں؟







گدھا مختلف طریقوں سے جوڑ کر 1 لیٹر بنانے کی کوشش میں ہے۔ چارٹ مکمل کرنے میں اس کی مدد کیجیے۔




© NCERT not to be republished

## اطراف میں دیکھیے

ان تصویروں کو دیکھیے ۔ اب کچھ دوسری چیزوں کو تلاش کیجیے جو مندرجہ ذیل کی طرح پیکٹوں یا بوتلوں میں آتی ہیں ۔اپنی فہرست بنائیے۔








| پیکیٹ | کتنے ملی لیٹر یا لیٹر (L یا mL) |
|---|---|
| دودھ | 500 ملی لیٹر |
| | |
| | |
| | |
| | |

## میری لیٹر کی بوتل

کیا آپ نے ایک لیٹر کی پانی کی بوتل دیکھی ہے؟



ایک 1 –لیٹر بوتل اور کچھ دوسری چھوٹی بوتلوں کو جمع کیجیے۔ اندازہ لگائیے کہ ہر ایک چھوٹی بوتل سے لیٹر بوتل کو بھرنے کے لیے کتنی بار لیٹر بوتل میں پانی پلٹنا پڑے گا۔



© NCERT not to be republished

جانچ کیجیے کہ کیا آپ کا اندازہ صحیح ہے اور جدول کو بھریے۔

| بوتلیں | میرا اندازہ | میری پیمائش |
|---|---|---|
| بوتل 1 | | |
| بوتل 2 | | |
| بوتل 3 | | |
| | | |
| | | |

دیکھیے ادیتھین کیا کہہ رہا ہے۔




اس کی چھوٹی بوتل میں کتنا پانی آتا ہے؟ ________




تو لیلا کی بوتل میں کتنا پانی آتا ہے؟ ____________

## رامو کی پیمائشی بوتل

رامو کو ناریل کے تیل کی 250 ملی لیٹر کی ایک خالی بوتل ملی۔ تصویر کو دیکھیے اور بحث کیجیے کہ اس نے اپنی پیمائشی بڑی بوتل بنانے کے لیے کیا کیا۔




© NCERT not to be republished

## میری پیمائشی بوتل

ایک پیمائشی بوتل بنانے کے لیے خود راستہ تلاش کیجیے جس کے ذریعہ 200 ملی لیٹر، 400 ملی لیٹر، 600 ملی لیٹر، 800 ملی لیٹر اور ایک لیٹر ناپا جا سکتا ہو۔ اپنے دوستوں اور اساتذہ سے بحث کیجیے کہ آپ نے اسے کیسے بنایا۔

## اندازہ لگائیے اور جانچ کیجیے

اپنے گھر میں بالٹی، مگ، گلاس اور دوسری چیزوں پر نظر ڈالیے۔ اندازہ لگائیے کہ ہر ایک میں کتنا پانی آسکتا ہے۔ اپنی پیمائشی بوتل کا استعمال کر کے اپنے اندازہ کی جانچ کیجیے کہ آپ صحیح ہیں یا نہیں۔

| | میرا اندازہ | میری پیمائش |
|---|---|---|
| مگ | | |
| گلاس | | |
| برتن | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |




© NCERT not to be republished

## ہسپتال میں نیتو

نیتو کو پانچ دنوں تک روزانہ تین انجکشن لگنے ہیں۔

ایک دن کے لیے اسے کتنی دوا کی ضرورت ہوگی؟

سبھی 5 دنوں کے لیے کل کتنی دوا چاہیے۔







## ایک وقت میں کتنا استعمال کرتے ہیں؟

- آنکھوں میں ڈالنے والی دوائیاں — ہم لوگ ایک وقت میں 1 ملی لیٹر سے کم استعمال کرتے ہیں۔
- ____________ ____________________
- ____________ ____________________
- ____________ ____________________

ان چیزوں کی فہرست بنائیے جن کا استعمال ہم ایک بار میں ایک لیٹر سے زیادہ کرتے ہیں؟

- غسل کرنے کے لیے پانی
- ________________________________
- ________________________________
- ________________________________


© NCERT not to be republished

## مشق کا وقت

1۔ امینہ کی بوتل میں ایک لیٹر پانی آتا ہے۔ اس نے 350 ملی لیٹر پانی پی لیا۔ بتایئے اب اس کی بوتل میں کتنا پانی بچا ہے؟

2۔ یوسف ایک چائے کی دوکان چلاتا ہے۔ ایک گلاس چائے میں وہ 20 ملی لیٹر دودھ استعمال کرتا ہے۔ کل اس نے 100 گلاس چائے بنائی۔ اس نے کل کتنا دودھ استعمال کیا؟






3۔ رادھا کی دادی بیمار تھیں۔ ڈاکٹر نے انھیں 20 ملی لیٹر دوا کی ایک شیشی دی۔ انھیں روزانہ صبح 10 دن تک یہ دوا لینی ہے۔

بتایئے ہر صبح وہ کتنے ملی لیٹر دوا لیں گی؟

________



© NCERT not to be republished

## پانی۔پانی

5 لوگوں پر مشتمل ایک خاندان کے ذریعے دن بھر میں استعمال کیے گئے پانی کی مقدار کو مندرجہ ذیل جدول میں دکھایا گیا ہے۔



| سرگرمی | پانی لیٹر میں (L) |
|---|---|
| کھانا بنانا اور پینا | 30 L |
| کپڑوں کی دھلائی | 40 L |
| برتنوں کی صفائی | 20 L |
| غسل کرنا | 75 L |

کل استعمال کیا گیا پانی ____________

آپ کے گھر میں ایک دن میں کتنے لیٹر پانی استعمال ہوتا ہے؟ اندازہ لگائیے اور مندرجہ ذیل جدول کو بھریئے۔

| سرگرمی | استعمال شدہ پانی (بالٹیوں میں) | استعمال شدہ پانی (لیٹر میں) |
|---|---|---|
| کھانا بنانا اور پینا | | |
| کپڑوں کی دھلائی | | |
| برتنوں کی صفائی | | |
| | | |
| | | |
| | | |
| | | |

### قطرہ قطرہ سمندر بنتا ہے

کیا آپ کے گھر یا اسکول میں کوئی ٹونٹی ہے جو ٹپک رہی ہے؟

آپ کے خیال میں ٹپکتی ہوئی ٹونٹی سے ہم کتنا پانی ضائع کرتے ہیں؟

اپنی لیٹر جار کو ٹپک رہی ٹونٹی کے نیچے لگائیے تاکہ سبھی بوندیں بوتل میں گریں۔ وقت نوٹ کیجیے۔ ایک گھنٹہ بعد جانچ کیجیے کہ بوتل میں کتنا پانی جمع ہوا۔

© NCERT not to be republished



معلوم کیجیے کہ ایک دن میں کتنا پانی ضائع ہوتا ہے۔ __________

ایک ہفتہ میں؟ __________

ایک مہینہ میں؟ __________

ایک سال میں؟ __________

## پہیلی




© NCERT not to be republished

چیلنّور گاؤں میں ایک ملک (Milk) سوسائٹی ہے۔ گیتا اور امّینی 4 لیٹر دودھ خریدنے وہاں گئے۔ لیکن وہ آدمی ایک لیٹر کا پیمانہ نہیں تلاش سکا۔ اس کے پاس صرف 3 لیٹر اور 5 لیٹر کی بوتل تھی۔ لیکن اس نے ان لوگوں کو ٹھیک 4 لیٹر دودھ دیا۔

وضاحت کیجیے کہ اس نے یہ کیسے کیا؟